Storybooks Mauritius

global-asp.github.io/storybooks-mauritius

ایک چھوٹا بیج: ونگاری ماتھائی کی کہانی

Written by: Nicola Rijsdijk
Illustrated by: Maya Marshak
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Mauritius in an effort to provide children's stories in Mauritius's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons Attribution 4.0 International License.

https://creativecommons.org/licenses/by/4.0

ایک چھوٹا بیج: ونگاری ماتھائی کی کہانی

Nicola Rijsdijk
Maya Marshak
Samrina Sana
Urdu
Level 3

(imageless edition)

مشرق افریقہ میں کینیا کے پہاڑوں کے ساحل پر ایک گاؤں میں ایک چھوٹی لڑکی اپنی ماں کے ساتھ کھیتوں میں کام کرتی تھی۔ اُس کا نام ونگاری تھا۔

ونگاری کو باہر رہنا پسند تھا۔ اپنے گھر کے باغیچے میں
اُس نے چاقو سے مٹی کو کھودا۔ اُس نے چھوٹے
بیجوں کو گرم زمین میں دبایا۔

سورج غروب ہونے کے فوراً بعد کا وقت اُس کا پسندیدہ
وقت تھا۔ جب پودے دیکھنے کے لیے کافی اندھیرا ہو
گیا تو ونگاری کو معلوم تھا کہ اب اُسے گھر جانے کا وقت
ہے۔ وہ کھیتوں کے درمیان تنگ راستوں سے دریا کو
پار کرتی ہوئی نکلی۔

ونگاری 2011 میں وفات پا گئی۔ لیکن جب بھی ہم
خوبصورت درخت دیکھتے ہیں ہم اُسے یاد کر سکتے ہیں۔

ونگاری ایک ہوشیار بچی تھی اور سکول جا نے کے
لیے بے تاب تھی۔ لیکن اُس کی امی اور ابو اُ سے گھر پر
رکھنا چاہتے تھے، تاکہ وہ اُن کی مدد کر سکے۔ جب وہ
سات سال کی ہوئی اُس کے بڑے بھائی نے امی ابو کو
اس کے سکول جا نے کے لیے اُکسایا۔

ونگاری نے سخت محنت کی۔ دُنیا میں تمام لوگوں نے
اُس کے کام پر غور کیا اور اُ سے ایک مشہور تحفہ دیا۔
ا سے نوبل امن کا تحفہ کہا جاتا ہے۔ اور یہ تحفہ حاصل
کر نے والی وہ پہلی افریقی خاتون تھیں۔

اُسے سیکھنا پسند تھا۔ ونگاری ہر کتاب کے ساتھ زیادہ
سے زیادہ سیکھتی۔ اُس کی سکول کی شاندار کارکردگی کی بنا پر
اُسے امریکی ریاست میں پڑھنے کی دعوت ملی۔ ونگاری
بہت خوش تھی۔ وہ دنیا کے بارے میں اور جاننا چاہتی
تھی۔

جیسے جیسے وقت گزرتا گیا۔ نئے درختوں نے جنگل کی
صورت اختیار کر لی اور دریا دوبارہ سے بہنے لگے۔
ونگاری کا پیغام افریقہ میں پھیلنے لگا۔ آج، ونگاری کے
بیجوں سے لاکھوں درخت اُگ چکے ہیں۔

امریکی یونیورسٹی میں ونگاری نے بہت سی نئی چیزیں سیکھیں۔ اُس نے پودوں کے بارے میں پڑھا کہ وہ کیسے اُگتے ہیں۔ اور اُس نے یاد کیا کہ وہ کیسے بڑی ہوئی: اپنے بھائی کے ساتھ کھیل کھیلتے ہوئے کینیا کے جنگلوں کے خوبصورت درختوں کی چھاؤں میں۔

ونگاری کو معلوم تھا کہ اُسے کیا کرنا ہے۔ اُس نے عورتوں کو بیج سے درخت اُگانا سکھائے۔ عورتوں نے درخت بیچے اور اپنے گھروں کی دیکھ بھال کی۔ عورتیں بہت خوش تھیں۔ ونگاری نے اُنہیں مضبوط بننے میں اُن کی مدد کی۔

زیادہ سیکھنے پر، اُس کا یہ احساس بڑھتا چلا گیا کہ وہ کینیا
کے لوگوں سے پیار کرتی تھی۔ وہ اُنہیں خوش اور آزاد
دیکھنا چاہتی تھی۔ زیادہ سیکھنے پر اُ سے اپنے افریقی گھر
لی اور یاد آتی۔

تعلیم مکمل ہو نے پر وہ کینیا لوٹی۔ لیکن اُس کا ملک بدل چکا
تھا۔ کھیت زمین پر زیادہ پھیلے ہو ئے تھے۔ عورتوں
کے پاس جلا نے کے لیے لکڑی نہ تھی جس پر وہ
ھانا بنا سکتیں۔ لوگ غریب تھے اور بچے بھوکے
تھے۔